ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

ماہنامہ ''الحق'' کا اشاریہ

...............[ہفت روزہ ''نکھار'' اسلام آباد کی نظر میں]

اشاریہ سازی بظاہر انتہائی کٹھن اور محنت طلب کام ہے۔اشاریہ محققین کو ان کے مطلوبہ مواد تک رسائی کی سہولت بہم پہنچاتا ہے۔ دینِ اسلام کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ وہ علم کا نقیب بردار ہے وہ بلا کسی نسلی امتیاز کے اپنے پیروکاروں پر علم کے حصول کو فرض قرار دیتا ہے۔

عصرِ حاضر میں اُردو کے دینی اصلاحی افسانوی غرض جملہ رسائل و جرائد کے مشمولات کو اشاریہ سازی کے ذریعے جمع کر کے تحقیق و تدوین اور فروغِ علم کی تحریک کو آگے بڑھانے کی سعی کی جا رہی ہے۔قدیم ، جدید رسائل کے مختصر و ضخیم اشاریے مرتب کیے جا رہے ہیں تا کہ معلوم ہو سکے کہاں کہاں علمی جواہر بکھرے ہوئے ہیں۔

ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک ایک ایسا ہی دینی و اصلاحی رسالہ ہے۔وہ تفہیمِ دین ، تحفظِ دین اور اسلامی تہذیب کے احیا و استحکام کے ساتھ سامراجیت کے خلاف علمی محاذ پر اپنی بساط کے مطابق قلمی جہاد میں مصروفِ عمل ہے۔ الحق دینی قوتوں کے درمیان احترام ، مساوات، اخوت اور علمی اختلاف رائے کو شائستہ انداز سے بیان کرنے کا ہنر جانتا ہے۔ یہ جریدہ امت مسلمہ کو اس کے اصل مقاصد کی طرف دعوت دیتا ہے۔

محمد حنیف شاہد اشاریہ نویسی کے حوالے سے ایک اہم نام ہے آپ نے ماہنامہ الحق اکوڑہ خٹک کا ۴۵ سالہ اشاریہ مرتب کر کے تشنگانِ علم و ادب کی بڑی ہی اہم خدمت سرانجام دی ہے۔ الحق جیسے علمی جریدے میں گزشتہ ۴۵ برسوں میں دنیا بھر کے علمی ، ادبی ، دینی مسائل کے ساتھ عصرِ حاضر کے مسائل پر ممتاز اہل قلم کی رشحات شائع ہوتے رہے ہیں۔ نئی نسل ان سے واقف نہیں۔شاہد [مرتب اشاریہ] نے ان علمی موضوعات کو چن چن کر الحق کے اشاریے میں سمو دیا اور کہ ایک ایسی فہرست تیار ہو گئی ہے کہ اس کی مدد سے ہم الحق سے وابستہ ممتاز اہل علم کی نگارشات سے اپنی علمی پیاس کو اہتمام کے ساتھ الحق کی علمی و قلمی خدمت اور عصرِ حاضر کے متعدد فتنوں اور اس کے خاتمے میں الحق کے جرات مندانہ کردار سے روشناس ہو سکتے ہیں۔اس ضخیم مجلہ کے اشاریہ میں صفحہ xi تا xxiv مجلّہ الحق کا پینتالیس سالہ اشاریہ از مولانا سمیع الحق ، اظہارِ تشکر مولانا راشد الحق سمیع ، مجلّہ الحق کے اجرا اور اس کی خدمات کے حوالے سے برصغیر پاک و ہند کے ممتاز علمائے کرام کے پیغامات درج کیے گئے ہیں۔ صفحہ xxv تا xxviii محمد شاہد حنیف ''کچھ اشاریہ کے بارے میں'' رقمطراز ہیں:

''اشاریہ کی موضوعاتی ترتیب میں وہی انداز اختیار کیا گیا ہے جو مجلس التحقیق اسلامی ۹۹ جے بلاک ماڈل ٹاؤن لاہور کے شعبہ رسائل و جرائد نے قائم کی اور اس کے مطابق جہاں تیس سے زائد رسائل کے اشاریے تیار کیے گئے ہیں۔(ص xxvii)''